Roll No. | | | | | | |

Answer Sheet No.________

Sig. of Candidate ________________

Sig. of Invigilator.____________

# اُردو سلیس ایس ایس سی-II

## حصّہ اوّل (کُل نمبر:15)

20 منٹ

نوٹ: حصہ اوّل لازمی ہے۔اس کے جوابات پرچے پر ہی دیے جائیں گے۔اس کو پہلے بیس منٹ میں مکمل کرکے ناظم مرکز کے حوالے کردیا جائے۔کاٹ کر دوبارہ لکھنے کی اجازت نہیں۔ لیڈ پنسل کا استعمال ممنوع ہے۔

سوال نمبر۱:الف۔ درج ذیل قواعد کی رُو سے کیا ہیں؟ دیے گئے الفاظ یعنی الف/ب/ج/د میں سے درست جواب کے گرد دائرہ لگائیں۔ ہر جزو کا ایک نمبر ہے۔ (5x1=5)

(i) ''خدمتِ خلق''

الف۔ مرکب توصیفی ب۔ مرکب عطفی ج۔ مرکب اضافی د۔ مرکب جاری

(ii) '' جاگیردارانہ ''

الف۔ فعل ب۔ کلمہ اسم ج۔ حاصل مصدر د۔ کلمہ صفت

(iii) '' پراکرت ''

الف۔ اسم جامد ب۔ اسم معرفہ ج۔ اسم مشتق د۔ اسم نکرہ

(iv) '' بہادر شاہ ''

الف۔ خطاب ب۔ کنیت ج۔ لقب د۔ تخلص

(v) '' توپ''

الف۔ اسم صوت ب۔ اسم مکبّر ج۔ اسم آلہ د۔ اسم ظرف زماں

ب۔ دیے گئے الفاظ یعنی الف/ب/ج/د میں سے درست جواب کے گرد دائرہ لگائیں۔ ہر جزو کا ایک نمبر ہے۔ (10x1=10)

(i) ابنِ مریم سے کون مراد ہے؟

الف۔ حضرت موسیٰؑ ب۔ حضرت آدمؑ ج۔ حضرت عیسیٰؑ د۔ حضرت داؤدؑ

(ii) مرزا غالبؔ کہاں پیدا ہوئے؟

الف۔ دہلی ب۔ آگرے ج۔ رامپور د۔ کلکتہ

(iii) زبور کس پیغمبر پر نازل ہوئی؟

الف۔ حضرت عیسیٰؑ ب۔ حضرت داؤدؑ ج۔ حضرت موسیٰؑ د۔ حضرت ابراہیمؑ

(iv) نظم ' آمدِ بہار ' کے شاعر کا نام کیا ہے؟

الف۔ بے نظیر شاہ ب۔ شوق قدوائی ج۔ ساقی جاوید د۔ میر انیس

(v) سبق ' وطن کی خاطر ' کے مصنف کون ہیں؟

الف۔ مولوی عبدالحق ب۔ سیّد سلیمان ندوی ج۔ سرسیّد احمد خاں د۔ ڈاکٹر غلام مصطفیٰ خاں

(vi) آشکار کے معنی کیا ہیں؟

الف۔ آسمان ب۔ اندھیرا ج۔ ظاہر د۔ شکاری

(vii) لفظ ' اردو ' کے کیا معنی ہیں؟

الف۔ شہر ب۔ گاؤں ج۔ لشکر د۔ قومی

(viii) سبق ' آتش بازی ' کے مصنف کون ہیں؟

الف۔ ڈپٹی نذیر احمد ب۔ مولوی عبدالحق ج۔ خواجہ حسن نظامی د۔ سیّد سلیمان ندوی

(ix) اردو شاعری کے صوفی شاعر کون ہیں؟

الف۔ میر تقی میرؔ ب۔ خواجہ میر دردؔ ج۔ بہادر شاہ ظفرؔ د۔ علامہ اقبالؒ

(x) محمد بہادر خاں کو بہادر یار جنگ کا خطاب کس نے دیا؟

الف۔ نظامِ حیدرآباد ب۔ قائداعظمؒ ج۔ علامہ اقبالؒ د۔ درج شدہ میں سے کوئی نہیں

---

برائے ممتحن: کُل نمبر : 15 حاصل کردہ نمبر: ____



StudentBounty.com
www.StudentBounty.com

16

# اُردو سلیس ایس ایس سی-II

وقت: 2:40 گھنٹے — کُل نمبر حصہ دوم اور سوم: 60

نوٹ: حصہ دوم اور سوم صفحات 2-1 پر مشتمل ہے۔ ان سوالات کے جوابات علیحدہ سے مہیا کی گئی جوابی کاپی پر دیں۔ ایکسٹرا شیٹ طلب کرنے پر مہیا کی جائے گی۔ آپ کے جوابات صاف اور واضح ہونے چاہئیں۔

## حصہ دوم (کُل نمبر 37)

سوال نمبر۲: الف۔ مندرجہ ذیل سوالات میں سے پانچ کے مختصر جوابات تحریر کیجیے: (5x2=10)

(i) طالب علم اپنے وطن کی خدمت کس طرح کر سکتے ہیں؟

(ii) فاطمہ بنتِ عبداللہ نے اللہ کی راہ میں کس طرح اپنی جان قربان کی؟

(iii) اُردو کو لشکری زبان کیوں کہا جاتا ہے؟

(iv) غالبؔ کی خطوط نگاری کی سب سے بڑی صفت کیا ہے؟

(v) آبدوز کشتی کس قسم کی کشتی کو کہتے ہیں؟

(vi) نظم ' پہاڑ اور گلہری ' سے ہمیں کیا سبق ملتا ہے؟

(vii) مناجات کس نظم کو کہتے ہیں؟

ب۔ مندرجہ ذیل میں سے کوئی سے پانچ الفاظ و محاورات کو جملوں میں استعمال کیجیے: (5)

(i) کندن بنا (ii) بجلی کی سی لپک (iii) ناک کٹ جانا (iv) سیرت

(v) ماحول (vi) اعتراف (vii) اصلاح

ج۔ (i) درج شُدہ کے جمع بنائیں: خطا ، جفا ، گھنا (3)

(ii) درج شُدہ کے متضاد لکھیں: بہار ، جاڑا ، پگھلنا (3)

(iii) درج شُدہ کے مترادف لکھیے: دوش ، فلک ، ظلمت (3)

(iv) درج شُدہ میں سے ہم قافیہ لکھیے: وطن ، جاری ، موتی (3)

(v) درج شُدہ الفاظ سے صفت بنائیں: رئیس ، بہادر ، حاکم (3)

د ۔ مندرجہ ذیل الفاظ میں سے مذکر اور مؤنث الگ الگ کیجیے: (4)

مشعل ، ماتھا ، غربت ، دلیس

ہ ۔ نیچے دیے گئے الفاظ کو درست ترتیب دے کر با معنی جملے بنائیے: (3)

(i) بندوں۔ اپنے۔ اللہ۔ کرم۔ کرتا۔ پر۔ ہے۔

(ii) مکہ۔ ہوئے۔ ہمارے پیارے نبیؐ۔ میں۔ پیدا۔

(iii) قرآن مجید۔ ہے۔ کتاب۔ آخری۔ کی۔ اللہ۔



www.StudentBounty.com

## حصہ سوم (کُل نمبر 23)

**سوال نمبر۳: سبق اور مصنف کے حوالے سے مندرجہ ذیل میں سے کسی ایک جزو کی تشریح کیجیے:** (1+5=6)

**الف۔** محمد کامل چپ بیٹھا ہوا یہ سب باتیں سن رہا تھا۔ چوں کہ بات معقول تھی اس کے دل نے قبول کر لی اور اسی وقت نیچے اتر کر ماں کے پاس گیا اور کہا ’’ اماں میں نے سنا تم شب برات کی سوچ میں بیٹھی ہو تو بی میری فکر نہ کرو۔ مجھ کو انار پٹاخے درکار نہیں اور محمودہ بھی کہتی ہے کہ میں نہیں منگاؤں گی اور ہم دونوں نے توبہ کر لی ہے۔‘‘

**ب۔** مغلیہ سلطنت کے زوال پر سمندر کے راستے ایک نئی قوم ہندوستان میں داخل ہوئی جو ہندو، مسلمانوں سے بالکل غیر تھی۔ اس قوم نے اس کی انگلی پکڑی۔ انگلی پکڑتے ہی پہنچا پکڑا اور دربار سرکار میں اس کی رسائی ہوگئی اور رفتہ رفتہ دفاتر سے فارسی کو نکال باہر کیا اور خود اس کی کرسی پر جلوہ گر ہوئی۔ آخر ہندوستان کی قدیم راجدھانی اس کا جنم بھوم اور دوآبہ اس کا وطن ہوا۔

**سوال نمبر۴: شاعر اور نظم کا حوالہ دیتے ہوئے مندرجہ ذیل میں سے کسی ایک جزو کی تشریح کیجیے:** (1+5=6)

**الف۔**
وہ کویل عجب نے بجاتی ہوئی
پپیہوں سے تانیں لڑاتی ہوئی
ہوا دوش پر شال ڈالے ہوئے
گھٹاؤں کے آنچل سنبھالے ہوئے

**ب۔**
کم ظرف اگر دولت و زر پاتا ہے
مانند حباب ابھر کے اتراتا ہے
کرتے ہیں ذرا سی بات پر فخر خسیس
تنکا تھوڑی ہوا سے اُڑ جاتا ہے

**سوال نمبر۵: شاعر کا حوالہ دیتے ہوئے مندرجہ ذیل غزلیہ اجزاء میں سے کسی ایک کی تشریح کیجیے:** (1+5=6)

**الف۔**
تمنا ہے تیری اگر ہے تمنا
تری آرزو ہے اگر آرزو ہے
کیا سیر ہم نے جو گلزار دنیا
گل دوستی میں عجب رنگ و بو ہے

**ب۔**
تمنائے دل کے لیے جان دی
سلیقہ ہمارا تو مشہور ہے
نہ ہو کس طرح فکر انجام کار
بھروسا ہے جس پر، وہ مغرور ہے

**سوال نمبر۶: درج ذیل میں سے کسی ایک نظم کا خلاصہ لکھیں:** (5)

**الف۔** پھول کی فریاد

**ب۔** جاڑے کی بہاریں

----- 2SA 1406 -----



Page 2 of 2 (Urdu Salees)

www.StudentBounty.com